Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

نگران حکومت کا پاکستان تحریک انصاف کی قیادت سے رابطہ

نگران وزیرِ اطلاعات مرتضیٰ سولنگی کی خواہش پر سینئر مرکزی رہنما پاکستان تحریک انصاف شفقت محمود کی اپنی رہائشگاہ پر ان سے ملاقات ملک میں صاف شفاف انتخابات کے انعقاد، سیاسی جماعتوں کیلئے انتخابات میں شرکت کے مساوی مواقع کے اہتمام اور وسیع قومی مفاہمت سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر مفصل گفتگو صاف شفاف انتخابات کے انعقاد میں نگران حکومت کی دلچسپی اور اس حوالے سے نگران حکومت کے فرائض پر بھی خصوصی بات چیت ملاقات میں قومی سطح پر ہم آہنگی اور مفاہمت کے فروغ کے امکانات، اہمیت اور ضرورت پر بھی تبادلۂ خیال: انتخابات کی افادیت ان کے آزادانہ، منصفانہ، غیر جانبدارانہ اور شفاف انعقاد کی مرہونِ منت ہے، آزادانہ، منصفانہ، غیر جانبدارانہ اور شفاف انتخابات کیلئے تمام جماعتوں کو انتخابات میں حصہ لینے کے یکساں ماحول اور مساوی مواقع کی فراہمی کو بنیادی حیثیت حاصل ہے، پاکستان تحریک انصاف کو بلاشبہ برابری کی سطح پر سیاسی سرگرمیوں کے مواقع نہیں مل رہے، تحریک انصاف کو آئین و قانون کی روشنی میں انتخابی مہم چلانے کی بھی اجازت نہیں جبکہ دیگر جماعتوں کو ملک بھر میں جلسے جلوسوں کی کھلی آزادی ہے، نہایت ناہموار ماحول میں منعقد کروائے گئے خلافِ قاعدہ انتخابات عوامی سطح پر ساکھ اور قبولیت سے محروم رہیں گے، فیئر ٹرائل اور انصاف تک مکمل رسائی کو بھی آزادانہ و منصفانہ انتخابات کے ہدف کے حصول میں بنیادی اہمیت حاصل ہے، قومی سطح پر مفاہمت کے فروغ کا گہرا انحصار دستور کی بالادستی اور جمہوریت کے بقاء و تسلسل پر ہے اور یہ قومی مفاہمت تحریک انصاف کی شمولیت کے بغیر ممکن نہیں، پاکستان تحریک انصاف دستور کے سائے میں انتخابات کے صاف شفاف انعقاد کیلئے ہر ممکن تعاون کیلئے تیار ہے،

شفقت محمود